Tarjuma Tul Quran Majeed - ICS Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 3 Short Questions Test

Q1. سورہ البقرہ کو سورہ البقرہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ مذکور ہے جسے زبح کرنے کا حکم بنی اسرائیل کودیا گیا تھا- اس لیے اس سورت کا نام سورہ البقرہ ہے.

Q2. لفظ کے معنی تحریر کریں- لانفرق- لاتواخذنا- او اخطانا- اصرا-

Ans 1: لانفرق- ہم تفریق نہیں کرتے- لاتواخذنا- تو ہماری گرفت نہ کر- او اخطانا- یا ہم خطا کر بیٹھیں - اصرا- بوجھ

Q3. سورۃ البقرہ کا مضمون کے بارے میں تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ البقرہ کا مرکزی مضمون ہدایت ہے. سورۃالقبرہ کے بالکل شروع میں ان لوگوں کی صفات بیان کی گئی ہیں جو قرآن مجید سے ہدایت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں- اس سورت مین واضح کیا گیا ہے کہ جس طرح پہلے اللہ تعالی انسانوں کی ہدایت کے لیے انبیائے کرام علیہم السلام کے زریعے سے کتابیں بھیجتا رہا ہے- اسی طرح اس نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی قرآن مجید کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے.- یہ واضح کیا گیا ہے کہ آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے بغیر ایمان کا دعویٰ قبول نہیں- لہذا انسانوں کا حکم دیا گیا ہے کہ قرآن مجید اور صاحب قرآن خاتم انبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ اور ان کی کامل اطاعت کرو.

Q4. لفظ کے معنی تحریر کریں- توتی- تعز- تولج-ان یمدکم-خلق-قیما-علی جنوبھم-فقنا-انصار

Ans 1: توتی- تو عطا فرماتا ہے - تعز- تو عزت عطا فرماتا ہے- تولج- تو داخل کرتاہے ان یمدکم- - کہ تمھاری مدد فرمائے- خلق- تخلیق- قیما- کھڑے کھڑے- علی جنوبھم- لیٹے ہوئے- فقنا- تو ہیں بچالے- انصار- مدد گار

Q5. سورہ البقرہ کی فضیلت بیان کریں

Ans 1: سورۃ البقرہ بہت فضیلت والی سورت سے ہے- صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کے زمانے میں یہ شخص سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کا عالم ہوتا تھا اسے بہت عظیم اور لائق تکریم شمار کیا جاتا تھا.

Q6. غموں اور مصائب کی کیا حکمت ہے.

Ans 1: غموں اور مصائب کی ایک اہم حکمت یہ ہے کہ ایمان الوں کی تربیت ہو اور وہ کسی نقصان پر مستقل پریشانی کا شکار نہ ہوں-

---

Q7. قرآن مجید میں کس سورت کو سردار کہا ہے.

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کی بہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے.

Q8. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورہ البقرہ کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: سورۃ البقرہ قرآن مجید کی سات طوریل سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے- ان سورتوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قرآن مجید کی سات طویل سورتوں کے علم کو حاصل کرلیا وہ بہت بڑا عالم بن گیا.

Q9. سورۃ آلتوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے نویں سورت ہے.

Q10. الفاظ کے معنی تحریر کریں- العلیا- چقال- یامرون- سیرحمھم- السابقون-

Ans 1: العلیا- اونچی ، بالا- ثقالا- بوجھل- یامرون- وہ حکم دیتے ہیں سیرحمھم- ان پر ضرور رحم فرمائے گا- السابقون- سبقت کرنے والے